In association with
British Red Cross
Doctors of the World

# کورونا وائرس (COVID-19) ویکسینیشن

## انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ، ویلز

کورونا وائرس (COVID-19) ویکسینز محفوظ اور مؤثر ہیں۔ یہ آپ کو کورونا وائرس کے خلاف بہترین حفاظت فراہم کرتی ہیں۔

ورژن 1 (03.03.2021 کو اپ ڈیٹ کیا گیا)

**Urdu | اردو**

## مندرجات

کون COVID-19 ویکسین حاصل کر سکتا ہے؟ ........ 2
COVID-19ویکسین کیسے دی جاتی ہے ........ 3
COVID-19 ویکسین کیسے حاصل کی جائے ........ 4
کووڈ 19– ویکسینز کتنی محفوظ ہیں؟ ........ 6
COVID-19 ویکسین کتنی مؤثر ہے؟ ........ 7
COVID-19 ویکسین کے مضر اثرات ........ 7
COVID-19 ویکسین کے اجزاء ........ 7
مزید معلومات ........ 8

## کون COVID-19 ویکسین حاصل کر سکتا ہے؟

NHS کی پیش کردہ COVID-19ویکسینز انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ اور ویلز میں، امیگریشن حیثیت سے قطع نظر، تمام بالغان کو مفت دستیاب ہوں گی۔ اس میں عوامی فنڈز (NRPF) میں کوئی وسائل نہ رکھنے والے افراد شامل ہیں۔ فی الحال NHSCOVID-19 ویکسین ان افراد کو پیش کر رہا ہے جو کرونا وائرس کے خطرے سے سب سے زیادہ دو چار ہیں۔

ویکسینز بعض فارمیسیز، GPs کی جانب سے چلائے جانے والے مقامی ویکسینیشن سینٹرز پر اور بڑے ویکسینیشن سینٹرز میں پیش کی جا رہی ہیں۔

NHSطبی خطرے سے دوچار افراد، زیادہ تر موجودہ صحت کی حالت کی بنیاد پر اور بزرگ سے نوجوان عمر کے گروپوں کے افراد کو ویکسین لگائے گا۔ بعض افراد کوCOVID-19 کی سنگین پیچیدگیوں کی بناء پر دوسروں کی نسبت زیادہ خطرہ لاحق ہوتا ہے۔

یہ دی جا رہی ہے:

- 55سال اور اس سے زائد عمر کے افراد کو
- کورونا وائرس کے انتہائی خطرےسے دوچار افراد (وہ جو طویل عرصے سے صحت کے مسائل سے دوچار ہیں)
- موجودہ صحت کے مسائل (جیسے کہ COPD، دمہ، دل کے مسائل، گردوں یا جگر کے امراض، ذیابیطس اور دیگر طویل عرصے سے صحت کے مسائل) کی وجہ سے کورونا وائرس سے ہونے والی پیچیدگیوں کے انتہائی خطرے سے دوچار افراد
- کیئر ہومز میں رہنے یا کام کرنے والے افراد
- ہیلتھ اور سماجی نگہداشت کے کارکنان
- سیکھنے میں معذوری کے حامل افراد
- وہ افراد جو تیماردار الاؤنس کے لئے اہل ہیں

UKحکومت کا ارادہ اس جولائی کے آخر تک تمام بالغان کو پہلی ویکسین خوراک لگانے کا ہے۔

انگلینڈ:بڑے بالغان کے لئے COVID-19 ویکسینیشن پر تازہ ترین معلومات پڑھیں

اسکاٹ لینڈ: بڑے بالغان کے لئے COVID-19ویکسینیشن پر تازہ ترین معلومات پڑھیں

ویلز: بڑے بالغان کے لئے COVID-19 ویکسینیشن پر تازہ ترین معلومات پڑھیں

## اگر آپ ابھی اہل نہیں ہیں

رابطہ کئے جانے کا انتظار کریں۔ NHS آپ کو مطلع کر دے گا کہ کب آپ کی ویکسین حاصل کرنے کی باری ہے۔

انگلینڈ: COVID-19 ویکسین کی اہلیت اور ویکسین سپلائی کے متعلق تازہ ترین معلومات کے لئے پڑھیں

## کیا ویکسین ہر ایک کے لئے موزوں ہے؟

گر آپ حاملہ ہیں تواس بات کےa کوئی ثبوت نہیں کہ COVID-19 ویکسینغیر محفوظ ہے۔ لیکن آپ کو اسے روٹین میں پیش کئے جانے سے پہلے مزید شواہد درکار ہیں۔

اگر آپ حاملہ ہیں تو ویکسینیشن اور امیونائزیشن کی جوائنٹ کمیٹی نے آپ کو ویکسین لگانے پر غور کرنے کی سفارش کرتے ہوئے اپنی ہدایات کو اپ ڈیٹ کیا ہے اور:

- جہاں آپ کام کرتے ہیں اس کے باعث کوروناوائرس میں مبتلا ہونے کے شدید خطرات سے دوچار ہیں
- طبی حالت ایسی ہے اس کا مطلب ہے کہ آپ کو کوروناوائرس کے باعث سنگین پیچیدگیوں میں مبتلا ہونے کا زیادہ خطرہ ہے

ویکسینیشن کے بعد آپ کو حمل سے گریز کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ویکسین میں کوئی زندہ وائرس موجود نہیں ہے اور اس سے آپ کو یا آپ کے بچے کو COVID-19 نہیں ہو سکتا ہے۔ اس بات کے کوئی شواہد نہیں ہیں کہ COVID-19ویکسین بارآوری کی صلاحیت کو متاثر کرے گی۔

اگر آپ بچے کو دودھ پلا رہی ہیں تو آپ COVID-19 ویکسین لگوا سکتی ہیں۔ ویکسین لگوانے سے پہلے ہیلتھ کئیر ماہرین سے بات کریں۔ وہ آپ کو درپیش فوائد اور خطرات پر تبادلہ خیال کریں گے۔

انگلینڈ: اگر آپ حاملہ ہیں، حاملہ ہو سکتی ہیں یا دودھ پلانے والی ہیں تو تازہ ترین COVID-19 ہدایات کو پڑھیں۔

اسکاٹ لینڈ: اگر آپ حاملہ ہیں، حاملہ ہو سکتی ہیں یا دودھ پلانے والی ہیں تو تازہ ترین COVID-19 ہدایات کو پڑھیں۔

ویلز: اگر آپ حاملہ ہیں، حاملہ ہو سکتی ہیں یا دودھ پلانے والی ہیں تو تازہ ترین COVID-19 ہدایات کو پڑھیں۔

اگر آپ کو اسی ویکسین کی گزشتہ خوراک یا ویکسین کے کسی اجزاء کی وجہ سے کبھی سنگین الرجی ری ایکشن (بشمول اینا فائلیکسز) ہوا ہے تو آپ کو COVID-19 ویکسین نہیں لینی چاہیئے۔

کمزور مدافعتی نظام اور HIV انفیکشن (CD4 شمار سے قطع نظر) کے حامل افراد کو ویکسین دینی چاہیئے۔

خون جمنے یا خون بہنے کے امراض میں مبتلا اشخاص بھی ویکسین لے سکتے ہیں لیکن دوران علاج صحیح وقت پر دینے کے لئے انہیں اپنے نگہداشت فراہم کنندگان کے ساتھ مشورہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

## COVID-19ویکسین کیسے دی جاتی ہے

تمام COVID-19 ویکسینز آپکے بالائی بازو میں بطور انجکشن دی جاتی ہیں۔ انہیں دو خوراکوں کے طور پر دیا جاتا ہے پہلی خوراک لینے کے 3 سے 12 ہفتوں کے بعد آپ کو دوسری خوراک دی جائے گی۔

جب آپ اپنی پہلی ویکسین لیتے ہیں تو آپ کو ویکسین تفصیلات کے ساتھ ایک چھوٹا کارڈ دیا جائے گا۔ آپ کو اس کارڈ کو محفوظ رکھنا چاہیئے۔ اگر آپ کو اپنی ویکسین کی دوسری خوراک کسی مختلف ویکسین سینٹر میں لینی پڑتی ہے تو کارڈ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ آپ نے درست قسم کی ویکسین لی ہے۔

## COVID-19 ویکسین کیسے حاصل کی جائے

امیگریشن حیثیت سے قطع نظر، NHS کی پیش کردہ COVID-19 ویکسینز UK میں تمام بالغان کے لئے مفت دستیاب ہوں گی۔

اگر آپ کا جنرل پریکٹیشنر (GP) کے پاس رجسٹرڈ ہیں تو ویکسین حاصل کرنا آسان ہے۔ یہ آپ کے NHS نمبر کے ہونے کو یقینی بنائے گی اور جب آپ اہل (عمر یا طبی حالت کی بنیاد پر)ہو جاتے ہیں اور ویکسین لگوانے کی اپائنٹمنٹ بک کروا سکتے ہیں۔GP کے پاس اندراج ہونے کا مطلب ہے کہ آپ صحت و نگہداشت کی دیگر سروسز تک بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

GP ایک خاندانی میڈیکل ڈاکٹر ہوتا ہے۔ انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ اور ویلز میں، ہر ایک شخص GP کے پاس اندراج کروا سکتا ہے اور امیگریشن حیثیت سے قطع نظر مفت بنیادی نگہداشت کی سروسز حاصل کر سکتا ہے۔

اگر فی الحال آپ کا GP کے پاس اندراج نہیں ہوا ہے، آپ کو مقامی GP تلاش کرنا چاہیئے اور ابھی اندراج کروانا چاہیئے، چاہےاگر آپ ابھی ویکسین کے لئے اہل نہیں ہیں۔ انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ یا ویلز کی NHS ویب سائٹ استعمال کرتے ہوئے اپنی رہائش کے نزدیک GP تلاش کر سکتے ہیں، یا آپ اپنے مقامی GP کو ٹیلیفون کر سکتے ہیں اور بحیثیت مریض اندراج کرانے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔

GP سرجریز صرف ان افراد کا اندراج کر سکتی ہیں جو ان کے مقامی علاقے میں رہتے ہیں۔ اگر آپ GP سرجری کی حدود سے باہر رہتے ہیں تو آپ کو اپنی رہائش کے نزدیک ترین ایک اور GP تلاش کرنے کی ضرورت ہوگی۔

GP کے پاس اندراج کروانے کے لئے آپ کو ایک فارم پر کرنا ہو گا۔ یہ دیکھنے کے لئے کہ آیا آپ آن لائن اندراج کروا سکتے ہیں آپ GP سرجری کی ویب سائٹ چیک کرسکتے ہیں۔ آپ کو بحیثیت مستقل مریض (نہ کہ عارضی مریض) اندراج کروانے کے لئے کہنا چاہیئے اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ فارم پر کرنے کے لئے GP سرجری سے مدد طلب کر سکتے ہیں۔

## GP کے پاس انداراج کروانے کے لئے کیا مجھے دستاویزات کی ضروت ہے؟

بعض سرجریز آپ سے دستاویزات جیسا کہ پتے کا ثبوت، شناختی ثبوت یا امیگریشن حیثیت کا ثبوت یا اندراج کروانے کے لئے NHS نمبر فراہم کرنے کے لئے کہہ سکتی ہیں، لیکن اگر آپ ان کو یہ فراہم نہیں کر سکتے، انہیں آپ کا اندراج کرنے سے انکار نہیں کرنا چاہیئے۔

اگر آپ یہ دستاویزات انہیں فراہم نہیں کر سکتے ہیں، تو آپ کو کہنا چاہیئے کہ آپ کے پاس یہ دستاویزات نہیں ہیں لیکن یہ کہ آپ پریکٹس حدود کے اندر رہتے ہیں اور GP کے پاس بحیثیت مریض اندراج کروانا چاہیں گے۔

اگر GP کے پاس اندراج کروانے میں آپ کو دشواری پیش آتی ہے، تو درج ذیل وسائل آپ کی مدد کر سکتے ہیں اگر آپ آن لائن اندراج کروا رہے ہیں اور آپ سے دستاویزات طلب کی جاتی ہیں آپ GP سرجری کو وسائل ای میل کر سکتے ہیں:

- NHS انگلینڈ نے انگلینڈ میں GP بغیر دستاویزات والے افراد کا GP کے پاس اندراج کے لئے زرد کارڈ تیار کیا ہے۔ جب آپ اندراج کروانے جاتے ہیں تو آپ GP استقبالیہ پر یہ کارڈ دکھا سکتے ہیں، آپ مقامی خیراتی اداروں، فوڈ بینکس، اپنے مقامی ہیلتھ واچ یا ڈاکٹر آف دی ورلڈ سے زرد کارڈ حاصل کر سکتے ہیں۔
- اسکاٹش حکومت نے اسکاٹ لینڈ میں GPs کے لئے ہدایت نامہ جاری کیا ہے جو بیان کرتا ہے کہGP کے پاس اندراج کروانے کے لئے کوئی دستاویزات درکار نہیں ہیں مریض کے اندراج سے انکار یا تاخیر کے لئے مریض کی شناخت یا پتے کا ثبوت فراہم نہ کر سکنا کوئی معقول وجہ نہیں ہے۔

- برطانوی میڈیکل ایسوسی ایشن کی انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ، ویلز اور شمالی آئر لینڈ میں ڈاکٹروں کے لئے گائیڈنس بیان کرتی ہے۔ اگر کوئی مریض شناختی دستاویزات فراہم کرنے کے قابل نہیں ہے ان کے اندراج کرنے سے انکار کے لئے یہ معقول وجہ نہیں ہے۔

اگر GP پریکٹس نے آپ کا اندراج کرنے سے انکار کر دیا ہے، تو انگلینڈ میں مریض 0300311 2233پر کال کرسکتے ہیں اسکاٹ لینڈ اور ویلز میں مریضوں کو اپنے مقامی ہیلتھ بورڈ سے رابطہ کرنا چاہیئے۔ GP کے پاس مدد کے لئے مریض 08081647686 (مفت فون نمبر) پر ڈاکٹرز آف دی ورلڈ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

## اگر آپ بے گھر ہیں

اگر آپ کا مقررہ پتہ نہیں ہے، آپ GP کے پاس اندراج کروا سکتے ہیں۔ آپ کو GP پریکٹس کو واضح کر دینا چاہیئے کہ آپ کا کوئی مقررہ پتہ نہیں ہے لیکن آپ مقامی علاقے مین رہ رہے ہیں اور بحیثیت مریض اندراج کروانا پسند کریں گے۔ آپ عارضی پتہ استعمال کر سکتے ہیں، جو کسی دوست یا ڈے سینٹر کا پتہ ہو سکتا ہے، یا پریکٹس آپ کا پتے کے بغیر اندراج کر سکتی ہے۔

آپ کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیئے کہ اگر GP کو ضرورت پڑے (مثال کے طور پر، ٹیسٹ کے نتائج کے لئے) تو ان کے پاس ٹیلیفون پر رابطہ کرنے کا ذریعہ موجود ہو۔

## اگر آپ پناہ گزینوں کی رہائشگاہ پر قیام کر رہے ہیں

اگر آپ پناہ گزین ہیں اور ہوم آفس کی یا ہنگامی رہائشگاہ میں قیام پذیر ہیں، GP کے پاس اندراج کرواتے ہوئے آپ کو اس رہائشگاہ کا پتہ استعمال کرنا چاہیئے اور بتائیں کہ آپ کے پاس پتے کے ثبوت کے دستاویزات نہیں ہیں کیونکہ آپ ہوم آفس کی جانب سے فراہم کردہ پناہ گزینوں کی رہائشگاہ میں رہتے ہیں۔ اگر کوئی GP آپ کا اندراج کرنے سے انکار کرتا ہے تو آپ کو اپنے رہائش فراہم کنندہ یا مہاجرین کی مدد 0808 8010 503 (مفت فون نمبر) پر بات کرنی چاہیئے۔

اگر آپ کو پتہ چلتا ہے کہ ہوم آفس آپ کو نئی رہائشگاہ میں منتقل کر رہا ہے، آپ کو COVID-19 ویکسین لگوانے میں تاخیر نہیں کرنی چاہیئے تا وقتیکہ آپ نقل مکانی کر چکے ہوں۔ آپ ویکسین کی دوسری خوراک اپنی نئی رہائشگاہ کے نزدیکی ویکسین سینٹر سے حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ کو پہلی ویکسین لگنے کی اپائنٹمنٹ پر دیا جانے والا چھوٹا کارڈ سنبھال کر رکھنا چاہیئے اور اپنی دوسری اپائنٹمنٹ میں اسے ساتھ لے کر جائیں تا کہ ویکسینیشن سینٹر اس بات کو یقینی بنا سکیں کہ آپ کو درست قسم کی ویکسین لگی ہے۔

## ویکسین لگوانے کی اپائنٹمنٹ بک کروانا

انگلینڈ

اگر درج ذیل میں سے کسی ایک کا اطلاق ہوتا ہے تو آپ اپنی ویکسین لگوانے کی اپائنٹمنٹ آن لائن بک کروا سکتے ہیں:

- 55 سال اور اس سے زائد عمر کے افراد کو
- آپ کورونا وائرس کے انتہائی خطرے سے دوچار ہیں (وہ جنہیں طویل عرصہ سے صحت کے مسائل کاسامنا ہے)
- موجودہ طبی مسائل (جیسا کہ COPD، دمہ، دل کے مسائل، گردے یا جگر کے امراض، ذیابیطس اور دیگر طویل المدتی صحت کے مسائل) کی وجہ سے کرونا وائرس کے باعث پیچیدگیوں کے انتہائی خطرے سے دوچار ہیں۔
- آپ اہل فرنٹ لائن ہیلتھ کارکن ہیں
- آپ اہل فرنٹ لائن سماجی ہیلتھ کارکن ہیں
- سیکھنے میں معذوری کے حامل افراد
- آپ تیماردار الاؤنس کے لئے اہل ہیں

آپ بڑے ویکسینیشن سینٹر یا فارمیسی میں، جو COVID-19 ویکسینز فراہم کرتے ہیں، اپائنٹمنٹ بک کروا سکتے ہیں۔ آپ کو NHS کی جانب سے رابطہ کئے جانے کا انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔

آپ اپنیCOVID-19ویکسینیشن اپائنٹمنٹ آن لائن بک کروا سکتے ہیں۔

اسکاٹ لینڈ

آپ کو آپ کی اپائنٹمنٹ تفصیلات کے ساتھ دعوتی خط یا فون کال موصول ہو گی۔ اگر آپ اپائنٹمنٹ میں حاضر ہوتے ہیں،تو آپ کو تصدیق کرنے کے لئے کہ آپ اپائنٹمنٹ میں حاضر ہو رہے ہیں کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ اگر آپ اپنی اپائنٹمنٹ میں حاضر نہیں ہو سکتے تو آپ اپنی اپائنٹمنٹ کو دوبارہ شیڈول یا منسوخکروا سکتے ہیں تا کہ آپ کی اپائنٹمنٹ کسی اور کو دی جا سکے۔

ویلز

جب آپ کی ویکسین وصول کرنے کی باری آتی ہے، تو NHS براہ راست آپ سے رابطہ کرتا ہے – آپ سے ٹیلیفون یا خط کے ذریعے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## جب مجھے ویکسین موصول ہو جاتی ہے تو کیا میں ہوم آفس کو رپورٹ کروں گا / گی؟

جب آپ NHS کی کسی ایسی سروس تک رسائی حاصل کرتے ہیں جو امیگریشن حیثیت سے قطع نظر، ہر شخص کے لئے مفت ہے تو آپ کی معلومات کا ہوم آفس امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ اشتراک نہیں کیا جائے گا۔ اس میں GP سروسز، کووڈ 19– کے ٹیسٹ کروانا، علاج اور ویکسین لگوانے کی سروسز شامل ہیں۔

GP کے پاس اندراج یا COVID-19 ویکسین لگوانے کی اپائنٹمنٹ بک کرواتے ہوئے آپ کو آپ کی امیگریشن حیثیت ثابت کرنے کے لئے نہیں کہنا چاہیئے۔

بعض NHS ہسپتال اور کمیونٹی سروسز جو کورونا وائرس کے ٹیسٹ، علاج یا ویکسین سے متعلقہ نہیں ہیں وہ باقاعدہ امیگریشن حیثیت نہ رکھنے والے افراد کے لئے مفت نہیں ہیں۔ یہ سروسز آپ کے متعلق معلومات، جیسا کہ نام، پتہ اور تاریخ پیدائش کا ہوم آفس کے امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ اشتراک کر سکتی ہیں۔ اس کا مقصد آپ کی موجودہ امیگریشن حیثیت کی تصدیق کرنا ہے اور یا عدم ادا شدہ ہیلتھ اخراجات کی رپورٹ کرنا ہے۔ آپ کی صحت کے متعلق معلومات کا اشتراک نہیں کیا جائے گا۔

ایسے حالات میں جہاں افراد یا عوام کے تحفظ کے خدشات ہوں، NHS سروسز کو پولیس، عدالت اور حکومتی ڈیپارٹمنٹس کے ساتھ مریض کی معلومات کا اشتراک کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

## کووڈ 19– ویکسینز کتنی محفوظ ہیں؟

UK میں استعمال کے لئے منظور شدہ ویکسینز خود مختار میڈیسن اور ہیلتھ کیئر پراڈکٹس ریگولیٹری ایجنسی (MHRA) کے طے کردہ حفاظت، کوالٹی اور اثرپذیری کے سخت ترین معیارات پر پوری اترتی ہیں۔

کسی بھی منظور شدہ کرونا وائرس ویکسین کو کلینکل آزمائشوں اور حفاظتی جانچوں سے لازمی گزرنا ہوتا ہے جیسا کہ دیگر لائسنس یافتہ ادویات گزرتی ہیں۔ MHRA تحفظ کے بین الاقوامی معیارات پر عمل کرتی ہے۔

دنیا بھر میں تمام ویکسینز 15,000 تا 50,000 افراد پر ٹیسٹ کی جا چکی ہیں۔ انہیں مردوں اور عورتوں دونوں پر، مختلف علاقائی پس منظر رکھنے والے اور 18-84 سال کے درمیان والی عمر کے افراد پر ٹیسٹ کیا گیا ہے۔ یہ دیکھنے کے لئے کہ انفیکشن کے تدارک میں وہ کتنی مؤثر ہیں یا دوسروں تک وائرس پھیلانے کےلئے کتنے وائرس کی حامل ہیں، اور بچوں تک ان کے استعمال کو بڑھانے کے لئے ویکسین کے افتتاح کے دوران مطالعات جاری رہیں گے۔

ابھی تک، لاکھوں افراد کو COVID-19ویکسین دی جا چکی ہے اور سنگین مضر اثرات، جیسے کہ الرجی ری ایکشنز، کی رپورٹیں بہت نایاب ہیں۔ کوئی طویل المیعاد پیچیدگی رپورٹ نہیں کی گئی ہے۔

UK میں منظور شدہ ویکسینز کے بارے میں مزید جاننے کے لئے، ملاحظہ کریں:

- MHRAسے منظور شدہ GOV.UK: Pfizer/BioNTech vaccine for COVID-19 (صرف انگریزی میں)
- MHRAسے منظور شدہ GOV.UK: Oxford/AstraZeneca vaccine for COVID-19(صرف انگزیری میں)

- [MHRA سے منظور شدہ GOV.UK: Moderna vaccine for COVID-19(صرف انگریزی میں)]

## COVID-19 ویکسین کتنی مؤثر ہے؟

کسی بھی COVID-19 ویکسینز کی پہلی خوراک کو آپ کو کورونا وائرس سے اچھا تضفظ فراہم کرنا چاہیئے۔ لیکن طویل دیرپا حفاظت کے لئے آپ کو ویکسین کی دو خوراکیں لینے کی ضرورت ہے۔ ویکسین لگوانے کے بعد بھی اس بات کا امکان ہے کہ آپ کرونا وائرس میں مبتلا ہو جائیں یا اسے پھیلائیں۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ اہم ہے:

- سماجی فاصلے کی رہنما ہدایت پر عمل کرنا جاری رکھیں
- ایسے مقامات پر جہاں دوسرے لوگوں سے دور رہنا مشکل ہوتا ہے وہاں اپنی ناک اور منہ کو ڈھانپنے کے لئے کچھ پہنیں، اگر آپ کر سکتے ہیں

## COVID-19 ویکسین کے مضر اثرات

COVID-19 ویکسینز کے زیادہ تر اثرات ہلکے ہیں اور 2-3 دن سے زیادہ نہیں رہنے چاہیئیں، جیسا کہ:

- جہاں سوئی اندر گئی ہے وہاں پر بازو میں خارش
- تھکاوٹ محسوس کرنا
- سر درد
- درد محسوس کرنا
- متلی یا قے
- حرارت یا بخار

اگر آپ کو ضرورت پڑے تو، آپ دردکش دواء جیسا کہ پیراسیٹامول، لے سکتے ہیں۔

اگر آپ کو تیز بخار ہے جو 48 گھنٹوں سے زیادہ رہتا ہے تو آپ کو کورونا وائرس یا کوئی اور انفیکشن ہے۔کھانسی اور سونگھنے یا ذائقے کی حس کا ختم ہو جانا ویکسین کے مضر اثرات نہیں ہیں، پس اگر آپ میں یہ علامات پائی جاتی ہیں آپ کو آن لائن جا کر کورونا وائرس ٹیسٹ کا انتظام کرنا چاہیئے۔

اگر آپ کی علامات شدید ہو جاتی ہیں، 48 گھنٹے سے زیادہ رہتی ہیں یا آپ پریشان ہیں، تو صبح 8 بجے سے شام 6.30بجے کے درمیان اپنے GP کو کال کریں یا دیگر اوقات میں 111 (کال کرنے کے لئے یہ نمبر مفت ہے) پر کال کریں۔ تمام سوالات کا متواتر "**yes**" میں جواب دے کر اپنی زبان میں مترجم لے سکتے ہیں۔

### الرجک ری ایکشنز

اگر آپ کو کبھی سنگین الرجی ری ایکشن ہوا ہے تو ویکسین لگوانے سے پہلے اپنے ہیلتھ کیئر عملے کو بتائیں۔ آپ کو ہرگز COVID-19 ویکسین نہیں لگوانی چاہیئے اگر آپ کو کبھی سنگین الرجی ری ایکشن (بشمول اینافائلیکسز) ہوا ہو:

- اسی ویکسین کی سابقہ خوراک کی وجہ سے
- ویکسین کے کسی اجزاء کی وجہ سے

سنگین الرجک ری ایکشنز بہت کم ہیں۔ اگر آپ کو ویکسین کا کوئی ری ایکشن ہوتا ہے، یہ عموماً منٹوں میں ہوتا ہے۔ ویکسینیشن سینٹر پرعملے اور رضاکاروں کو الرجی ری ایکشن سے نمٹنے اور ان کا فوری علاج کرنے کی تربیت دی جاتی ہے۔

کوروناوائرس زرد کارڈ حفاظتی اسکیمز استعمال کرتے ہوئے آپ کسی متوقع مضر اثرات کی رپورٹ کر سکتے ہیں۔

## COVID-19 ویکسین کے اجزاء

منظور شدہ COVID-19 ویکسینز میں کوئی جانوروں کی مصنوعات یا انڈہ شامل نہیں ہے۔

برطانوی اسلامی میڈیکل کونسل سفارش کرتی ہے کہ ویکسین لگوائی جا سکتی ہے۔ کیتھولک چرچ نے کہا ہے کہ COVID-19ویکسینز کا استعمال اخلاقی طور پر قابل قبول ہے۔

## مزید معلومات

Doctors of the World: کلینک،اورCOVID-19 کی ترجمہ شدہ معلومات

British Red Cross:COVID-19ویکسینز: آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

NHS England:کورونا وائرس (COVID-19)ویکسین

NHS Inform: کورونا وائرس (COVID-19)ویکسین

Public Health Wales: کورونا وائرس (COVID-19)ویکسین